QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 62

## کیسکو سینٹرل سرکل کے صارفین کیلئے آن لائن کچہری 12 اکتوبر (بروز پیر) منعقد ہوں گے

**کوئٹہ 09 اکتوبر 2026ء**۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) سینٹرل سرکل کوئٹہ کے تحت کوئٹہ شہر کے تمام صارفین کیلئے آن لائن کچہری 12 اکتوبر 2026 کو (بروز پیر) دن 11 بجے سے دوپہر ایک بجے تک منعقد ہوں گے ۔جس میں سپرنٹنڈنگ انجینئر عبدالناصر مندوخیل فون نمبر 0812441596 پر صارفین کی شکایات معلوم کریں گے۔آن لائن کچہری میں ایگزیکٹو انجینئر اور ریونیو آفیسرز کی موجودگی میں صارفین کی شکایات کے ازالے کیلئے اقدامات اُٹھائے جائیں گے۔

لہٰذا کوئٹہ شہر کے تمام سب ڈویژنز کے صارفین جن میں لیاقت بازار، مری آباد، کینٹ، کچہری، عالم خان، بروری، کرانی، سریاب، شیخ ماندہ، سپیزنڈ، سیٹلائٹ ٹاون، مہردر، گوالمنڈی، پشتون آباد اور کچلاک شامل ہیں اُنکے صارفین بجلی سے متعلق مسائل کے حل کیلئے ای کچہری میں شرکت کریں نیز تمام صارفین اپنے بجلی بل کا حوالہ نمبر بھی بطور ریفرنس نوٹ کروالیں تاکہ اُن کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔

# # #